باب 3

# گرافک ڈیزائن
# (Graphic Design)

گرافک ڈیزائن کی بنیادی معلومات جماعت نہم کی کتاب میں باب نمبر چار میں فراہم کی گئی ہیں۔اس باب میں پوسٹر اور خاکہ کشی کی مشق پر خاص توجہ دی گئی ہے،طلبہ اپنی خطاطی،مصوری اور ڈرائنگ کی ماہرانہ صلاحیتوں کو پوسٹر اور خاکہ کشی کی تیاری میں بروئے کار لانے کے لیے مختلف مشقوں کا سہارا لیں گے۔

## 3.1 پوسٹر

پوسٹر بنانا گرافک ڈیزائن کا ایک اہم اور نمایاں حصہ ہے۔یہ ڈیجیٹل میڈیم میں ڈیزائن کیا جا سکتا ہے اور مختلف قسم کی سطحوں پر پرنٹ کیا جا سکتا ہے(جمالیاتی حساسیت اور ڈرائنگ، پینٹنگ اور خطاطی کی مہارت کا استعمال کرتے ہوئے تخلیق کیا جا سکتا ہے۔ایک عام پوسٹر تصویری اور متنی عنصر دونوں پیش کرتا ہے لیکن یہ یا تو مکمل طور پر متنی یا مکمل طور پر تصویری ہو سکتا ہے۔یہ مواصلاتی،معلوماتی اور پُرکشش ہونا چاہیے۔عام طور پر پوسٹر بہت سے مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔)

Web version of PCTB textbook

### پوسٹر سازی

اس مرحلے میں طلبہ اپنی ڈرائنگ، پینٹنگ اور خطاطی کی سیکھی ہوئی مہارت کو استعمال میں لائیں گے۔وہ مکس میڈیا کے ساتھ اپنے تجربات بھی پیش کر سکتے ہیں۔اس باب میں مندرجہ ذیل پوسٹر کی اقسام پوسٹر بنانے کی مشقوں میں خاص اہمیت کی حامل ہوں گی۔

1۔ تصویروں پر مبنی پوسٹر (ڈرائنگ اور پینٹنگ کی تکنیک کی مہارت کا استعمال کرتے ہوئے)

2۔ تحریری، بیانیہ یا متنی پوسٹر (اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں خطاطی کی مہارت کا استعمال کرتے ہوئے)

اس قسم کی مشقوں کو انجام دینے کے لیے اساتذہ مختلف موضوعات کو متعارف کروائیں گے یا جماعت نہم کی کتاب میں موجود باب نمبر 4 میں دیے گئے موضوعات کی فہرست سے استفادہ کر سکتے ہیں۔طلبہ پینٹنگز اور ڈرائنگ کی مہارت کا استعمال کرتے ہوئے پوسٹر بنا سکتے ہیں یا وہ فوٹو شاپ،کورل ڈرا یا پینٹ برش جیسے کمپیوٹر سافٹ ویئر کا استعمال کرتے ہوئے اس کام کو انجام دے سکتے ہیں۔

### تصویروں پر مبنی پوسٹر

پوسٹر 1 (شکل 3.1) پوسٹر بنانے کے لیے تصویری متن کی ایک عمدہ مثال پیش کر رہا ہے۔پوری کمپوزیشن ایک ایسے بچے کی ایک سادہ تصویر پر مبنی ہے جو اضافی وزن اٹھا رہا ہے جس کی اس عمر میں اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔تصویر پر معنی اور مواصلاتی ہے کیوں کہ یہ صرف ایک بچے

کی تصویر دکھا کر اس پوسٹر کے مقصد کو بہت واضح طور پر بیان کر رہی ہے۔ رنگ کا انتخاب آنکھوں کے لیے زیادہ پرکشش ہے اور (تیز رنگوں کا امتزاج) اسے زیادہ ڈرامائی اور مؤثر بنا رہا ہے۔

پوسٹر بنانے میں مکمل تصویری متن کی ایک اور مثال نمبر 2 پوسٹر (شکل 3.2) ہے۔ اس پوسٹر میں تصویری نسل پر سوشل میڈیا کے استعمال کے ضمنی اثرات کو واضح دکھا رہی ہے۔ یہ پوسٹر بنانے کے تصویری متن کی ایک بہت عمدہ مثال ہے۔ اس کے علاوہ 3 سے 8 تک کی مثالیں بھی اسی زمرے کی ہیں (شکل 3.3 سے 3.8)۔ یہ مثالیں طلبہ کو کسی تحریر کے بغیر صرف اشاروں، علامتوں اور تصویروں کے ذریعے پوسٹر سازی میں مدد فراہم کریں گے۔




شکل 3.1: تصویری پوسٹر 1، چائلڈ لیبر، فوٹوشاپ کے ذریعے سے بنایا گیا



شکل 3.2: تصویری پوسٹر 2، بچوں کے لیے الیکٹرانک میڈیا کے نقصانات، واٹر کلر اور قلم اور سیاہی کے ذریعے سے تیار کیا گیا

Web version of PCTB textbook




شکل 3.3 تصویری پوسٹر صفائی ستھرائی کی اہمیت کے موضوع پر فوٹوشاپ کے ذریعے سے تیار کیا گیا




شکل 3.4: تصویری پوسٹر 4 بچوں کے لیے الیکٹرانک میڈیا کے نقصانات، کمپیوٹر سافٹ ویئر کے ذریعے سے تیار کیا گیا

Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

شکل 3.5: تصویری پوسٹر کی مثال نمبر 5: ''آج کی آب و ہوا میں صحت مند زندگی دوبھر ہے'' والا گرا ور مار کر سے تیار کیا گیا پوسٹر



Web version of PCTB textbook

شکل 3.6: تصویری پوسٹر کی مثال نمبر 6: "خشک سالی" کمپیوٹر سافٹ ویئر سے تیار کیا گیا پوسٹر



شکل 3.7: تصویری پوسٹر کی مثال نمبر 7: "تمباکو نوشی سے پرہیز کریں" کمپیوٹر سافٹ ویئر سے بنایا گیا پوسٹر




شکل 3.8: تصویری پوسٹر کی مثال نمبر 8: "تمباکو نوشی سے پرہیز کریں" فوٹو شاپ سے تیار کیا گیا پوسٹر

Web version of PCTB textbook

## تحریری یا متنی پوسٹر

پوسٹر کی یہ قسم (شکل 3.9 سے 3.14) کام کرنے میں زیادہ آسان ہے کیونکہ طالب علموں کو پوسٹر کے متن کو واضح کرنے کے لیے صرف ایک مواصلاتی نعرہ، لفظ یا جملے کی ضرورت ہوگی۔ اس میں مختلف شکلوں، گرافکس اور رنگ کے تضادات کے ساتھ وضاحت کی جاسکتی ہے۔ مندرجہ ذیل پوسٹروں کی کچھ مثالیں ہیں جو پوسٹر بنانے میں مکمل طور پر تحریری متن کو ظاہر کرتی ہیں۔ طلبہ ان کا مشاہدہ کریں اور صرف تحریری متن کے ساتھ اپنے پوسٹر پر کام کریں۔




Web version of PCTB textbook

شکل 3.9: تحریری پوسٹر 1، فوٹو شاپ کے ذریعے سے تیار کیا گیا ہے




شکل 3.10: تحریری پوسٹر 2، کمپیوٹر سافٹ ویئرز کے ذریعے سے تیار کیا گیا




شکل 3.11: تحریری پوسٹر 3، کمپیوٹر سافٹ ویئرز کے ذریعے سے تیار کیا گیا

Web version of PCTB textbook




شکل 3.12: تحریری پوسٹر 4، کمپیوٹر سافٹ ویئرز کے ذریعے سے تیار کیا گیا




شکل 3.13: تحریری پوسٹر 5، کمپیوٹر سافٹ ویئرز کے ذریعے سے تیار کیا گیا

Web version of PCTB textbook


## 3.2 تشریحی خاکہ کشی

تشریحی خاکہ کشی سے مراد ایک تصویری نمائندگی ہے جو کسی متن (کہانی، نظم، ناول، تاریخی اور سائنسی علم)، کسی تصور یا کسی بھی ماضی کے واقعے کی وضاحت یا تشریح ہو سکتی ہے۔ عام طور پر کہانیوں کی کتابیں، پوسٹر، تدریسی مواد، ویڈیو گیمز میگزین یا نیوز پیپرز وغیرہ بنانے کے لیے خاکہ کشی کی جاتی ہے۔ خاکہ کشی کی کئی اقسام ہیں اور اس میں سے کچھ یہ ہیں:

1۔ سائنسی خاکہ کشی
2۔ کہانی کی کتابوں کی خاکہ کشی (بچوں کے لیے کامکس، ناول، شاعری اور ڈرامے وغیرہ)
3۔ تصویری کتابوں کی خاکہ کشی
4۔ فیشن کی خاکہ کشی
5۔ تکنیکی خاکہ کشی (آرکیٹیکچرل، آثار قدیمہ، جغرافیائی خاکہ کشی وغیرہ)

### تشریحی خاکہ کشی کی مثالیں

اس مرحلے کے لیے طلبہ کہانی کی کتابوں، تصویری کتابوں، یا بچوں کی نظموں کے لیے کچھ بنیادی نوعیت کی خاکہ کشی سیکھیں گے۔ مثال نمبر 1 میں بچوں کی کہانیوں کی ایک عام مثال پیش کی گئی ہے جس میں تصویروں کے ذریعے سے کہانی کو واضح کیا گیا ہے۔ بچے ایک ہی وقت میں تحریر اور تصاویر سے سبق سیکھ سکتے ہیں۔ بچے ایک ہی وقت میں متن اور مناظر سے سبق سیکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس طرح کی تصاویر جو متن کے بیان کے طور پر پیش کی جاتی ہیں وہ کہانی میں بچے کی دلچسپی میں اضافہ کرتی ہیں اور بالآخر بچے آسانی سے اس سے سبق حاصل کرتے ہیں (شکل 3.14 سے 3.17)۔





**نوٹ:**
شکل 3.14 سے 3.17 تک پیش کی جانے والی مثال انگریزی زبان کی کتاب سے ماخوذ ہے جس کے چند صفحات کو اُردو ترجمہ کے ساتھ دیا گیا ہے تاکہ طلبہ اس مشق کو آسانی سے سمجھ سکیں۔

**شکل 3.14 مثال نمبر 1:** کتاب کی مثال، عنوان کا صفحہ، مرے۔ولیم، میرے ساتھ پڑھیں: اسپورٹس ڈے، (لندن: لیڈی برڈ پبلی کیشنز، 2011)

Web version of PCTB textbook




شکل 3.15 مثال نمبر 1: صفحات 4 اور 6، مرے ۔ ولیم کی کتاب: اسپورٹس ڈے، (لندن: لیڈی برڈ پبلی کیشنز، 2011)




شکل 3.16 مثال نمبر 1: صفحات 9 اور 10، مرے ۔ ولیم کی کتاب: اسپورٹس ڈے، (لندن: لیڈی برڈ پبلی کیشنز، 2011)

Web version of PCTB textbook

The teacher tells them that the big girls and boys have to jump as high as they can to get over. She sits with them and says. “If we sit here, we can see everything.”



18

تمام لڑکے اور لڑکیوں نے بہت اچھا کھیلا۔ وہ اپنے حاصل کردہ انعامات سے بہت خوش تھے اور گھر واپس جانے کے لیے تیار تھے۔



لیکن گھر لوٹنے سے پہلے انھیں تمام چیزیں واپس سکول کے اندر رکھنی تھیں۔ دو لڑکیوں نے رسیاں اٹھائیں اور دو لڑکوں نے جالیاں واپس رکھیں۔ تمام چیزیں واپس رکھنے کے بعد سب گھروں کو لوٹ گئے۔


40

شکل 3.17 مثال نمبر 1: صفحات 18 اور 40، مرے - ولیم کی کتاب: اسپورٹس ڈے (لندن: لیڈی برڈ بکس پبلیکیشنز، 2011)

Web version of PCTB textbook

## مثال نمبر 2

یہ مثال اس زمرے سے ہے جب فنکار کسی شاعرانہ نظم یا نرسری شاعری کے لیے مثال بناتے ہیں۔ اس صورت میں وہ صورت حال کی نمائندگی کرنے کے لیے سب سے زیادہ دلچسپ حصہ یا اہم حروف کا انتخاب کرتے ہیں۔ ذیل میں نرسری شاعری کی خاکہ کشی کی کچھ مثالیں ہیں۔ (شکل 3.18 سے 3.22)



جیک اور جل
چڑھے اک اونچی ہل
لینے کو تھوڑا پانی
جیک گرا
ٹوٹا گھڑا
اور جل بھی پھسلتی آئی۔۔۔۔۔

شکل 3.18 مثال نمبر 2: فریک ٹیمپسن، جیک اور جل کی طرف سے، نرسری شاعری کی ایک دوسری کتاب میں، (انگلینڈ: واڈ اور پیو رتھ لمیٹڈ، ٹولیورو، 1966)



چھوٹے بھیا جلدی آؤ
نیلی قمیص پہن کر آؤ
باجا بجاؤ
جلدی سے آؤ
بھیڑیں پھیلی ہیں چراگاہوں میں
اور گائے مکئی کے کھیتوں میں
باجا بجاؤ
انھیں لے جاؤ------

شکل 3.19 مثال نمبر 2: فرینک ہیمپسن کی طرف سے السٹریشن، ایلا ایٹل بوائے بلیو، نرسری رائمز کی ایک دوسری کتاب میں، (انگلینڈ: ولز اور ہیپورتھ لمیٹڈ، لوفبورو، 1966)

Web version of PCTB textbook




ایک دو تین چار پانچ
میں نے پی اک مچھلی پکڑی
چھ سات آٹھ نو دس
میں نے اس کو چھوڑا بس۔
تم نے اس کو چھوڑا کیوں؟
اس نے کاٹی انگلی یوں۔
کون سی انگلی اس نے کاٹی؟
سیدھے ہاتھ کی چھوٹی والی۔۔۔۔

شکل 3.20 مثال نمبر 2: فرینک ہمپسن کی طرف سے السٹریشن، ایلا ینگ برائے بلیو نرسری رائمز کی ایک دوسری کتاب میں۔
(انگلینڈ: وِلز اور ہیپ ورتھ لمیٹڈ، لوفبورو، 1966)



Web version of PCTB textbook




شکل 3.21 مثال نمبر 2: السٹریشن ، ایا ٹیل برائے بلیو نرسری رائمز کی ایک دوسری کتاب میں

Web version of PCTB textbook


## تشریحی خاکہ کشی کی مشق نمبر 1

کسی بھی نرسری نظم کی خاکہ کشی کریں (استاد اردو زبان یا انگریزی میں کوئی نظم تفویض کر سکتے ہیں)۔

**تکنیک:** طالب علموں کو اس مشق کے لیے مندرجہ ذیل میڈیم میں سے ایک کا استعمال کر سکتے ہیں:

1۔ ڈرائنگ 2۔ واٹر کلر تکنیک 3۔ پیسٹل کلر 4۔ پوسٹر کلر 5۔ مکس میڈیا سائز: 20x10 انچ

طلبہ کورل ڈرا، فوٹو شاپ، اور پینٹ برش کا استعمال کرتے ہوئے ڈیجیٹل میڈیا کے ساتھ بھی مشق کر سکتے ہیں۔




شکل 3.22 مثال نمبر 2: اُردو نظم کی السٹریشن، "بوجھو میں کون ہوں؟"

Web version of PCTB textbook

## تشریحی خاکہ کشی کی مشق نمبر 2

بچوں کے لیے کسی بھی کہانی کی کتاب یا تصویری کتاب سے متعلق خاکہ کشی کا ایک سلسلہ بنائیں (استاد اردو زبان یا انگریزی میں ایک خاص کہانی، کہانی کی کتاب یا تصویری کتاب تفویض کر سکتے ہیں)۔

**تکنیک:** طالب علموں کو اس مشق کے لیے مندرجہ ذیل میڈیم میں سے ایک کا استعمال کر سکتے ہیں۔

1۔ ڈرائنگ 2۔ واٹر کلر تکنیک 3۔ پیسٹل کلر 4۔ پوسٹر کلر 5۔ مکس میڈیا سائز: 20x10 انچ

طلبہ کورل ڈرا، فوٹو شاپ، اور پینٹ برش کا استعمال کرتے ہوئے ڈیجیٹل میڈیا کے ساتھ بھی مشق کر سکتے ہیں۔